11803 ـ متوفي شخص كي بيوي ، ماں ، بھائي اور بہن ميں تركہ كي تقسيم

سوال

ايك شخص فوت ہوا اور اپنے پيچھے بيوي ، بھائي ، بہن اور والدہ سوگوار چھوڑے ان ورثاء ميں اس كا تركہ كيسے تقسيم ہوگا ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

مذكورہ ورثاء ميں اس شخص كا تركہ مندرجہ ذيل طريقہ سے تقسيم كيا جائےگا:

بيوي كوچوتھا اور ماں كو چھٹہ حصہ ملےگا اور باقي تركہ بہن بھائيوں ميں ايك لڑكے كو دولڑكيوں كےبرابر كےحساب سے ديا جائےگا .

مثلا اگر تركہ (18000) ہزار ڈالر ہو تو :

بيوي كو تركہ كا چوتھا حصہ جو (4500) ڈالر بنتا ہے ملےگا .

اور ماں كو تركہ كا چھٹا حصہ جو (3000) ڈالر بنتا ہے ملےگا.

اور باقي تركہ (18000 – 7500 = 10500) كوتين حصوں ميں تقسيم كيا جائےگا :

ايك تہائي عورت كو ملےگا جو (3500) بنتا ہے

اور دوتہائي مرد كوملےگا جو (7000) بنتا ہے .

واللہ اعلم .